Sahiwal Board-2024

# اسلامیات لازمی (گروپ۔فرسٹ) (معروضی)

وقت: 15 منٹ (نیو کورس 2024 سالانہ) کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

pakcity.org

## حصہ اول

1۔ پہلا اسلامی عقیدہ ہے۔

(A) آخرت (B) توحید (C) نماز (D) رسالت

2۔ انجیل نازل ہوئی۔

(A) حضرت موسیٰ علیہ السلام (B) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (C) حضرت داؤد علیہ اسلام (D) حضرت سلیمان علیہ اسلام

3۔ تمام نیکیوں کو ختم کرتا ہے۔

(A) غیبت (B) حسد (C) تکبر (D) چوری

4۔ حج کے دوران کس مقام پر شیطان کو کنکریاں ماری جاتی ہیں۔

(A) حرم شریف (B) میدان عرفات (C) مدینہ شریف (D) مقام منیٰ

5۔ منافق کی نشانیاں ہیں۔

(A) 2 (B) 5 (C) 3 (D) 7

6۔ بنو ہاشم سماجی مقاطعہ کی وجہ سے شعب ابی طالب میں رہے۔

(A) سات سال (B) پانچ سال (C) دو سال (D) تین سال

7۔ حضرت جعفر طیارؓ کس غزوہ میں شہید ہوئے؟

(A) غزوہ احد (B) غزوہ موتہ (C) غزوہ بدر (D) غزوہ خیبر

8۔ جامع ترمذی کے مصنف کون ہیں؟

(A) امام ابوداؤد رحمتہ اللہ علیہ (B) امام ابوعبداللہ رحمتہ اللہ علیہ (C) امام ابوعیسی رحمتہ اللہ علیہ (D) امام ابوجعفر رحمتہ اللہ علیہ

9۔ آغاز نزول قرآن کے وقت نبی کریم خاتم النبیین ﷺ سال کی عمر کتنی تھی؟

(A) 23 سال (B) 40 سال (C) 63 سال (D) 13 سال

10۔ جھوٹے مدعیان نبوت کے خلاف جہاد کیا۔

(A) خلیفہ اول (B) خلیفہ دوم (C) خلیفہ سوم (D) خلیفہ چہارم

www.pakcity.org
pakcity.org

Please visi for more Download PDF at: www.pakcity.org

Sahiwal Board-2024

# اسلامیات لازمی (گروپ۔فرسٹ) (انشائیہ)

وقت: 1:45 منٹ (نیوکورس 2024 سالانہ) کل نمبر: 40

نوٹ: حصہ اول اور دوم لازمی ہیں۔

pakcity.org

## حصہ دوم

2۔ کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے۔ (6x2=12)

1۔ شرک کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیے۔

2۔ وجود باری کے دلائل تحریر کیجیے۔

3۔ آپ کیسے وضاحت کریں گے کہ قرآن مجید کتاب اعجاز ہے؟

4۔ ختم نبوت پر دلائل دیجیے۔

5۔ آپ بے روح نمازوں کی کیسے وضاحت کریں گے؟

6۔ آپ جنگ اور جہاد میں کیسے فرق کریں گے؟

7۔ سیرت رسول خاتم النبیین ﷺ سے ایفائے عہد کی ایک مثال دیجیے۔

8۔ غیبت اور اتہام میں کیا فرق ہے؟

9۔ دہشت گردی کے سدباب کے لیے تجاویز تحریر کیجیے۔

3۔ کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے۔ (6x2=12)

www.pakcity.org

1۔ قبیلہ دوس کے بارے میں رسول اکرم خاتم النبیین ﷺ نے کیا دعا فرمائی تھی؟

2۔ اسوہ رسول اکرم خاتم النبیین ﷺ ان سے عفو و درگزر کی ایک مثال دیجیے۔

3۔ حضرت جعفر طیارؓ کس جنگ میں شہید ہوئے؟

4۔ ترتیب توقیفی سے کیا مراد ہے؟

5۔ اُصول اربعہ سے کیا مراد ہے؟

6۔ صحت سند حدیث کے التزام کے لیے کون سے دو علوم وجود میں لائے گئے؟

7۔ حدیث کی کتب "مؤطا" اور "جامع" کے مؤلفین کے نام لکھیے۔

EDUCATION pakcity.org

8۔ آیت مکمل کیجیے۔ إِنَّ أَكْرَمَكُمْ

9۔ حدیث کا ترجمہ لکھیے: إِنَّمَا بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ حُسْنَ الْأَخْلَاقِ

## حصہ سوئم

(ہر سوال کے (8) نمبر ہیں)

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (2x8=16)

سوال نمبر 4۔ عقیدہ آخرت کی اسلام میں اہمیت اُجاگر کیجیے۔

سوال نمبر 5۔ اسلام کے معاشی نظام میں زکوٰۃ کی بنیادی حیثیت پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 6۔ حفاظت قرآن پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔

Please visi for more Download PDF at: www.pakcity.org